## ایم کیوایم نے این اے 235 سانگھڑ 2 کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے

## حق پرست امیدوار رمیش کمار مسلم لیگی امیدوار خدا بخش راجڑ کے حق میں دستبردار

## مسلم لیگ فنکشنل کے وفد کی امتیاز شیخ کی سربراہی میں نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ نے این اے 235 سانگھڑ 2 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار کو مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کے حق میں دستبردار کرنے اور ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان ہفتہ کے روز ایم کیوایم اور مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماؤں نے نائن زیرو عزیز آباد میں ملاقات کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ قبل ازیں مسلم لیگ فنکشنل کا وفد ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پہنچا تو دو قطاروں میں کھڑے ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان نے وفد کے ارکان کا پرتپاک استقبال کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے۔ مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء امتیاز شیخ کی سربراہی میں وفد نے نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، رضا ہارون، قاسم علی رضا، نیک محمد اور سلیم تاجک سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور حق پرست صوبائی وزراء خالد بن ولایت، شیخ محمد افضل اور نثار پنہور بھی موجود تھے۔ وفد میں این اے 235 سے مسلم لیگی امیدور حاجی خدا بخش راجڑ، صوبائی مشیر برائے معدنیات ملک امام الدین شوقین اور رکن سندھ اسمبلی رانا عبدالستار بھی شامل تھے۔ بعدازاں جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے نائن زیرو آمد پر وفد کے ارکان سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور پیر صاحب پگارا کے درمیان محبت، خلوص اور احترام کا رشتہ ہے جسے سامنے رکھتے ہوئے رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر این اے 235 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار رمیش کمار ڈھوڈانی کو مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار حاجی خدا بخش راجڑ کے حق میں دستبردار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور عوام کے حقوق کیلئے دونوں جماعتیں پہلے ہی مشترکہ جدوجہد اور ایک دوسرے سے بھرپور تعاون کرتی رہی ہیں اور انشاءاللہ تعاون کا یہ سلسلہ مستقبل میں مزید پروان چڑھے گا۔ رضا ہارون نے پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کے خلاف پیش کی گئی قرارداد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ قرارداد نہ صرف جمہوریت کے خلاف ہے بلکہ آزادی صحافت پر کھلا حملہ بھی ہے۔ انہوں نے صحافی برادری سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم صحافی برادری کے ساتھ ہے۔ انہوں نے مسلم لیگی امیدوار کو ضمنی انتخاب میں کامیابی کی پیشگی مبارکباد بھی پیش کی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جعلی ڈگری بدنامی کا باعث ہے اس بنیاد پر اسمبلی کا رکن بننا اخلاقی طور پر بھی غلط ہے۔ تمام جماعتوں کو متفقہ طور پر جمہوری مؤقف اختیار کرتے ہوئے جعلی ڈگری رکھنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائی کا مطالبہ کرنا چاہیئے۔ حیدرآباد کی حد بندی کے حوالہ سے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ جب مشاورت کے بغیر فیصلہ کے حوالہ سے ہم نے احتجاج کیا تو اس کا نوٹس لیا گیا اور یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا۔ مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء امتیاز شیخ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا وفد پیر صاحب پگارا کی ہدایت پر نائن زیرو پہنچا ہے۔ دو روز قبل پیر صاحب پگارا نے قائد تحریک الطاف حسین کیلئے پیغام بھیجا تھا کہ وہ ہمارے امیدوار کے ساتھ تعاون کریں۔ ہم الطاف بھائی کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے رابطہ کمیٹی کو حق پرست امیدوار دستبردار کرنے کی ہدایت کی اور میں پیر صاحب پگارا، پیر صدرالدین شاہ اور اپنی جماعت کی جانب سے الطاف بھائی اور ایم کیوایم کے دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور مسلم لیگ فنکشنل پاکستان اور اس کے عوام کی خدمت کا جذبہ رکھتی ہیں اور آئندہ بھی مل جل کر کام کریں گی۔ انہوں نے صحافیوں کے خلاف قرارداد کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ صحافیوں پر نہیں بلکہ جمہوریت پر حملہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سے ہمارے برسوں پرانے تعلقات ہیں اور ہم عوام کے مفاد میں مل کر چلیں گے۔ بلدیاتی نظام کے حوالہ سے ہماری کوشش ہے کہ تمام جماعتیں ایسے نکات پر متحد ہو جائیں جو سب کیلئے قابل قبول ہوں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی حد بندی سمیت مشاورت کے بغیر جو فیصلہ کیا جائے گا ہم اس پر احتجاج کریں گے۔ انہوں نے مسلم لیگی امیدوار کی حمایت پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆